







# پاکستان میں زیر تعمیر ڈیموں کی تفصیل!

واپڈا کی ویب سائٹ کے مطابق اس وقت پاکستان میں چار نئے ڈیم زیرِ تعمیر ہیں جن کے نام یہ ہیں۔

**داسو ڈیم**
**کرم تنگی ڈیم**
**نیلم جھلم ڈیم**
**کیل خود ڈیم**

ان ڈیموں میں پانی جمع کرنے اور بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت کتنی ہے؟ یہ بات جاننے کے لئے آپ نیچے دیئے گئے دونوں چارٹ دیکھیں۔

مختلف ڈیموں میں کتنا پانی ذخیرہ ہوگا؟
مختلف ڈیموں میں کتنی بجلی پیدا ہوگی؟

ان ڈیموں کے ساتھ ہم نے کالا باغ ڈیم کا ذکر اس لئے کیا ہے تا کہ آپ کو اندازہ ہو سکے کہ کالا باغ ڈیم کے مقابلے میں یہ چاروں ڈیم کتنے بڑے یا چھوٹے ہیں۔

## داسو ڈیم

جیسا کہ آپ نے چارٹ میں دیکھ لیا ہو گا کہ داسو ڈیم کالا باغ ڈیم سے بھی بڑا ڈیم ہے اور اس کی پانی ذخیرہ کرنے کی صلاحیت کالا باغ ڈیم سے تقریبا دوگنی ہے۔اسی طرح داسو ڈیم کی بجلی بنانے کی صلاحیت بھی کالا باغ ڈیم سے زیادہ ہے۔بلکہ یوں کہا جا سکتا ہے کہ اپنی تکمیل کے بعد داسو ڈیم پاکستان کا سب سے بڑا ڈیم بن جائے گا۔اگر اس ڈیم کا مقابلہ پاکستان کے دو بڑے ڈیموں منگلا اور تربیلا ڈیم کے ساتھ کیا جائے تو آپ دیکھیں گے کہ داسو ڈیم منگلا اور تربیلا سے بھی بڑا ڈیم ہے۔یہ ڈیم خیبر پختونخواہ کے ضلع کوہستان میں دریائے سندھ پر واقع ہے۔منصوبے کے مطابق داسو ڈیم سن 2023 میں مکمل ہوگا۔داسو ڈیم میں ایک کروڑ 14 لاکھ ایکڑ فٹ پانی ذخیرہ کیا جا سکے گا اور 4320 میگاواٹ بجلی پیدا کی جا سکے گی۔داسو ڈیم پاکستان میں پانی اور بجلی کے مسئلے پر قابو پانے میں بڑا اہم کردار ادا کرے گا۔

## کرم تنگی ڈیم

کرم تنگی ڈیم کو ہم قدرے چھوٹا ڈیم کہ سکتے ہیں اس میں 9 لاکھ ایکڑ فٹ پانی ذخیرہ کرنے کی صلاحیت ہے جبکہ یہ ڈیم 84 میگا واٹ بجلی پیدا کرے گا یہ ڈیم اپریل 2019 میں مکمل ہو جائے گا کرم تنگی ڈیم دریائے کرم کے اوپر جنوبی وزیرستان ایجنسی میں واقع ہے۔

## نیلم جھلم ڈیم

نیلم جہلم بنیادی طور پر بجلی پیدا کرنے کے لئے بنایا گیا ڈیم ہے۔اس لئے اس میں پانی ذخیرہ کرنے کی گنجائش برائے نام ہے البتہ اس ڈیم سے تقریبا 970 میگا واٹ بجلی پیدا ہوگی۔یہ ڈیم آزاد کشمیر کے ضلع مظفر آباد میں دریائے جہلم پر واقع ہے۔امید ہے کہ یہ منصوبہ اسی سال مکمل ہو جائے گا۔

## کیل خور ڈیم

کیل خور ڈیم بھی ایک چھوٹا سا ڈیم ہے۔اس کی پانی ذخیرہ کرنے اور بجلی بنانے کی صلاحیت بہت ہی کم ہے۔یہ ڈیم محض 158 ایکڑ فٹ پانی جمع کر سکتا ہے اور صرف 128 میگا واٹ بجلی پیدا کر سکتا ہے یہ ڈیم بھی داسو ڈیم کی طرح خیبر پختونخواہ کے ضلع کوہستان میں واقع ہے۔